پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

## رائے عامہ سروے
## موضوع: "کورونا وائرس"
## " رویے "

# پاکستانیوں کی اکثریت (80%) ڈاکٹروں کے طبی اور صحت کے حوالے سے مشوروں پر اعتماد کرتی ہے۔ صحت کے مشوروں کے حوالے سے میڈیا پر (52%) اعتماد کی سب سے کم شرح پائی گئی:

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

اسلام آباد، 24 فروری، 2021

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 80% پاکستانی ڈاکٹروں کے طبی اور صحت کے مشوروں پر اعتماد کرتے ہیں، صحت سے متعلق مشوروں کے حوالے سے لوگ میڈیا پر سب سے کم اعتماد کرتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل لوگوں کی جانب سے دیئے جانے والے طبی اور صحت کے مشوروں پر کس حد تک اعتماد کرتے ہیں ؟** ۔ اس سوال کے جواب میں 80% جوابدہندگان کے مطابق وہ طبی اور صحت کے مشوروں کے حوالے سے میڈیکل پروفیشنلز / ڈاکٹروں پر بہت زیادہ اور کسی حد تک اعتماد کرتے ہیں، 77% جوابدہندگان کے مطابق وہ خاندان کے لوگوں اور دوستوں پر بہت زیادہ اور کسی حد تک اعتماد کرتے ہیں ، 58% جوابدہندگان کے مطابق وہ وفاقی حکومت پر بہت زیادہ اور کسی حد تک اعتماد کرتے ہیں، جبکہ 52% جوابدہندگان کے مطابق وہ طبی اور صحت کے مشوروں کے حوالے سے میڈیا پر بہت زیادہ اور کسی حدتک اعتماد کرتے ہیں۔


**اعتماد کا نیٹ سکور: اعتماد کا نیٹ سکور میڈیکل پروفیشنلز/ڈاکٹروں پر سب سے زیادہ اور میڈیا پر سب سے کم پایا گیا:**

میڈیا پر اعتماد کا نیٹ سکور سب سے کم 7%، اس کے بعد وفاقی حکومت پر (20%)۔ خاندان کے لوگوں اور دوستوں پر اعتماد کا نیٹ سکور 54% پایا گیا۔

**عمر کے نتائج کا موازنہ:** صرف اعلیٰ درجے کا اعتماد کے لحاظ سے، 30 سال سے کم عمر افراد (57%) کی نسبت 50 سال سے زائد عمر کے افراد (65%) میں میڈیکل پروفیشنلز / ڈاکٹروں پر اعتماد کی سب سے زیادہ شرح پائی گئی۔ 50 سال سے زائد عمر کے افراد (38%) کی نسبت 30 سال سے کم عمر افراد (30%) میں وفاقی حکومت پر اعتماد کی شرح کم پائی گئی۔ 30 سال سے کم عمر افراد (42%) کی نسبت 50 سال سے زائد عمر کے افراد (55%) میں خاندان کے لوگوں اور دوستوں پر اعتماد کی سب سے زیادہ شرح پائی گئی۔ جبکہ صحت سے متعلق مشوروں کے حوالے سے بات کی جائے تو 30 سال سے کم عمر رکھنے والے صرف 19% افراد میڈیا پر اعتماد کرتے ہیں، 50 سال سے زائد عمر رکھنے والے 33% افراد میڈیا پر زیادہ اعتماد کرتے ہیں۔ عام طور پر، 30 سال سے کم عمر رکھنے والے افراد تمام چاروں اختیارات پر کم اعتماد کرتے ہیں جو کہ نوجوان نسل میں اعتماد کی کمی کو ظاہر کرتے ہیں۔


" برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل لوگوں کی جانب سے دیئے جانے والے طبی اور صحت کے مشوروں پر کس حد تک اعتماد کرتے ہیں؟"

**پاکستان بھر سے (بہت زیادہ + کسی حد تک)**




اس گراف میں معلوم نہیں / جواب نہیں دیا کے اعداد شمار شامل نہیں ہے۔

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*




گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1080 مرد و خواتین سے 24 دسمبر تا 15 جنوری 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔ جواب دہندگان کا تعلق پاکستان کے 100 سے زائد اضلاع سے ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 24 February 2021**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years of Gallup Pakistan (1980-2021)